سوال

(324) کتاب : توحید خالص (للشیخ بدیع الدین) کی بعض روایات

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک روایت شیخ بدیع الدین شاہ راشدی رحمۃ اللہ علیہ نے توحید خالص ص 137 پر نقل کی ہے کہ مشرکین حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مناظرہ کے لیے لائے آپ نے اس سے پوچھا : جب مصیبت آتی ہے تو تُو کسے پکارتا ہے ؟ حصین نے کہا : آسمان والے کو۔ الخ پیر صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے مزید کئی کتابوں کے حوالے دیئے اور کتاب الدعوات باب 69 قصۃ تعلیم دعاء ص 795 ، رقم الحدیث 3483 ۔ دارالسلام ، ریاض ، نیز علامہ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے کتاب العلوص 100 پر یہ حدیث دو سندوں کے ساتھ نقل کی ہے اور دونوں کو ضعیف لکھا ہے ۔ اس کے متعلق آپ کی کیا تحقیق ہے ؟ علامہ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ کی نقل کردہ احادیث میں لفظی اختلاف بھی ہے ۔ ص 110 ۔ (ایک سائل)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

روایت مذکور حسن بصری کی تدلیس کی وجہ سے ضعیف ہے وہ اس مفہوم کے بغیر عمران بن حصین ابیہ کی سند سے ایک حسن روایت ہے ۔ جو نسائی کی السنن الکبریٰ (10831) اور عمل الیوم واللیلۃ (993) میں موجود ہے ۔ (دیکھئے سنن ترمذی بتحقیقی ج 2 ص 411) (شہادت مارچ 2003)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمیہ

جلد 1 ۔ اصول، تخریج اور تحقیقِ روایات - صفحہ 609

محدث فتویٰ